سوال

(225) بچوں کے کھیلونے جو کسی جاندار کی شکل کے ہوں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بچوں کے اکثر کھلونے اصل کی شکل کے ہوتے ہیں مثلاً بلی۔ کتا وغیرہ کیا ایسے کھلونے رکھنا درست ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بخاری مسلم مسند احمد رحمة اللہ علیہ کی مشہور روایت میں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا گڑیوں کے ساتھ کھیلا کرتی تھیں (انظر الرقم المسلسل (289) اس حدیث سے استدلال کیا گیا ہے کہ بچیوں کے کھیلنے کے لیے گڑیاں بنانا جائز ہے تاکہ انہیں بچپن ہی سے امور خانہ داری کی تربیت دی جاسکے۔ میرے خیال میں محض کھیل کے لیے حرام جانوروں کی تصویروں سے بالخصوص احتراز کرنا چاہیے لیکن شے کا صل کے مشابہ ہونا کوئی عیب کی بات نہیں تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔ (عمران المعبود: 4/439)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص542

محدث فتویٰ